

منصرف : وہ اسماء ہیں جن پر واقعی تین قسم کا اعراب آ سکتا ہو، جیسے: جَاءَ زَیْدٌ ' رَأَیْتُ زَیْدًا - مَرَرْتُ بِزَیْدٍ.

غیر منصرف: وہ اسماء ہیں جن کے آخر میں تنوین اور کسرہ نہیں آ سکتا۔ وہ مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ عورتوں کے اکثر نام: خَدِیْجَةُ - حَفْصَةُ - زَیْنَبُ وغیرہ

2۔ انبیاء علیہم السلام کے اکثر نام: إِبْرَاهِیْمُ - یُوْسُفُ - هَارُوْنُ وغیرہ

3۔ وہ جمع مکسر جس میں الف کے بعد دو یا تین حرف ہوں، جیسے: مساجد - مفاتیح وغیرہ

4۔ أفعل کے وزن پر آنے والے اسماء، جیسے: احمد - امجد وغیرہ.

5۔ مردوں کے ایسے نام جن کے آخر میں الف اور نون ہو، جیسے: عُثْمَانُ سُلْمَانُ - عِمْرَانُ وغیرہ

6۔ مردوں کے ایسے نام جن کے آخر میں گول تاء ہو، جیسے: طَلْحَةُ - أَسَامَةُ مُعَاوِیَةُ وغیرہ۔

7۔ فرشتوں کے نام، جیسے: جِبْرَائِیْلَ - مِیْکَائِیْلَ وغیرہ۔

8۔ شہروں اور ملکوں کے اکثر نام، جیسے: مَکَّةُ - بَاکِسْتَانُ - مِصْرُ وغیرہ۔

9۔ چند ایسے اسماء جو شروع میں عربی نہیں تھے مگر بعد میں کثرت استعمال کی وجہ سے عربی ہی بن گئے: جَهَنَّمَ إِبْلِیْسَ - فِرْعَوْنَ - یَأْجُوْجَ وَ مَأْجُوْجَ.

All Rights Reserved.